

# رئیس التحریر کی ڈاک

**جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں عشرہ آگاہی سیرت ۔ دیگر تعلیمی اداروں کے لیے ایک قابل تقلید عمل**

جامعہ سلفیہ فیصل آباد محتاج تعارف نہیں ہے۔ یہ عظیم الشان دانشگاہ اپنے حسن نظام اور معیاری تعلیم وتربیت کی بدولت پاکستان کے صف اول کے اداروں میں شامل ہے۔ جامعہ کی مخلص انتظامیہ اور قابل ترین اساتذہ نے شب وروز کی محنت سے ایک مثالی تعلیمی ماحول پیدا کیا ہے۔ جامعہ کے ظاہری حسن کے ساتھ ساتھ اس کے نظام تعلیم وتربیت کو نہایت منظم ومرتب کردیا ہے۔ جامعہ کا تربیت یافتہ دفتری عملہ باخلاق اور خوش گفتار ہے جن سے مل کر خوشی اور مسرت حاصل ہوتی ہے۔ 3اپریل 2008 فضلاء کے خصوصی اجتماع میں حاضر ہونے کا موقعہ ملا۔ جامعہ کی عالی شان بلڈنگ دفاتر، کلاس رومز، لائبریری ،کمپیوٹر لیب، ڈسپنسری ودیگر شعبہ جات کو دیکھ کر بے پناہ مسرت ہوئی۔ اور بے مثال اجتماع اور بامقصد گفتگو سن کر دل باغ باغ ہوا۔ فضلاء جامعہ کے ساتھ رابطہ اور بالمشافہ ملاقات کا اہتمام اس بات کی دلیل ہے کہ جامعہ کی انتظامیہ فہمیدہ اور جہاندیدہ ہے۔ اور موجودہ حالات کے تقاضوں کو بخوبی سمجھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اخلاص کی دولت سے نوازے اور ان کی کاوشوں کو قبول فرمائے۔

جامعہ میں حاضری کے دوران معلوم ہوا کہ النادی الاسلامی کے تحت عشرہ آگاہی سیرت کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ جس کا آغاز 19اپریل 2008 بروز ہفتہ سے ہورہا ہے۔ جس میں محفل حمد ونعت، سیرت النبی ﷺ پر خصوصی لیکچرز، مضمون نویسی کا مقابلہ، بین الجامعات تقریری مقابلہ، کوئز پروگرام، مقابلہ خطاطی، کتب سیرت کی نمائش کے علاوہ بہت سے اور پروگرام منعقد ہونگے۔ سیرۃ النبی ﷺ کی آگاہی کے لیے یہ جذبہ دیگر تعلیمی اداروں کے لیے قابل تقلید ہے یہ جان کر اور بھی مسرت ہوئی کہ اس سے قبل ہفتہ